غلط مدد کا نقصان ہو سکتا ہے

امیگریشن کے فراڈیوں سے ہوشیار

uscis.gov/avoid-scams

بھروسہ کرنے سے پہلے چیک کریں

یہ بات یقینی بنائیں کہ جو کوئی بھی آپ کے امیگریشن کیس میں آپ کی مدد کر رہا ہے وہ اس کام کر کرنے کا مجاز ہے۔

میرے امیگریشن کے کام میں کون میری مدد کر سکتا ہے۔

1. آپ یو ایس سی آئی ایس کے فارم خود سے بھر کر خود ہی اپنا کیس لڑنے کے مجاز بھی ہیں۔
2. آپ کسی وکیل سے قانونی مشورہ یا مدد بھی لے سکتے ہیں اور یو ایس محکمہ برائے انصاف کے کسی مجاز نمائندے سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ مذید جاننے کے لیے انٹرنیٹ کے ذریعے اس ویب سائٹ پر جائیں۔ justice.gov/eoir/recognition-accreditation-roster-reports.
3. مفت اور سستی قانونی مشاورت کی مجاز امیگریشن سہولیات کی جانچ کے لیے اس ویب سائٹ پر جائیں۔ uscis.gov/avoid-scams/find-legal-services.
4. اور لوگ، جیسا کہ رشتےدار، دوست، کاغذات تیار کرنے والے بھی آپکو یو ایس سی آئی ایس کے فارم بھرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ لیکن وہ آپ کو قانونی مشورہ نہیں دے سکتے اور وہ آپ سے اس کام کی محض معمولی سی فیس ہی لے سکتے ہیں۔

قانونی مشورے میں شامل ہے:

- امیگریشن فارم پر پوچھے گئے سوالات کا مفہوم سمجھانے میں مدد کرنا؛ اور
- آپ کے امیگریشن کے اختیارات کی تفصیل بتانا۔

یو ایس سی آئی ایس کس طرح امیگریشن سے متعلق سوالات میں میری مدد کر سکتا ہے؟

- ایس سی آئی ایس کے عوامی مدد کے نمائندے کو اس نمبر پر فون کریں۔ 1-800-375-5283 (جن افراد کو کوئی معذوری ہےاور خاص مدد چاہیے: TTY/ASCII: 1-800-877-8339، آواز: 1-866-377-8642)؛
- ایما سے پوچھیے، جو یو ایس سی آئی ایس کی ورچوول اسسٹنٹ ہے uscis.gov/Emma؛
- آنے والے کسی پروگرام کے بارے میں جانیے اس ویب سائیٹ پر، uscis.gov/outreach؛
- کسی فیلڈ آفس میں اپائنٹمنٹ بنانے کے لیے my.uscis.gov/appointment.

دوسروں کو محفوظ بنائیں اور امیگریشن سے متعلق فراڈیوں کو رپورٹ کریں!

کیا آپ امیگریشن سے متعلق کسی فراڈ کے بارے میں جانتے ہیں؟

فیڈرل ٹریڈ کمیشن کو اس ویب سائیٹ پر مطلع کریں۔ 1.usa.gov/1suOHSS یا اس نمبر پر فون کریں۔ 1-877-382-4357. آپ فون پر انگریزی یا سپینش میں گمنام رپورٹ بھی درج کروا سکتے ہیں۔ آپ امیگریشن سے متعلق کسی فراڈ کی رپورٹ اپنی مقامی سٹیٹ ایجنسی کو بھی دے سکتے ہیں۔ مذید جاننے کے لیے اس ویب سائیٹ پر جائیں۔ uscis.gov/avoid-scams/report-scams.

خود کو اور اپنے خاندان کو امیگریشن کے فراڈ سے محفوظ بنائیں۔ اس بارے میں مذید حقائق جاننے کے لیے اور قانونی مدد تلاش کرنے کے لیے اس ویب سائیٹ پر جائیں۔ uscis.gov/avoid-scams.

کامن سینس آپ کی بہترین حفاظت کر سکتی ہے

کچھ بزنس اور ویب سائیٹس ایسا ظاہر کرتے ہیں جیسے کہ وہ امیگریشن کے ماہر ہیں، یا یہ کہتے ہیں کہ ان کے حکومت سے کوئی خاص تعلقات ہیں۔ ہمیشہ یو ایس سی آئی ایس کی سرکاری ویب سائٹ پر ہی جائیں، جو کہ یہ ہے۔ uscis.gov، اور کسی جعلی ویب سائیٹ پر نہ جائیں۔ جعلی ویب سائیٹوں سے محفوظ رہنے کے لیے پڑھیئے۔ uscis.gov/avoid-scams/common-scams.

اگر آپ کو کوئی ای میل موصول ہو جو کہ فراڈ یا جعلی لگے تو اسے یہاں بھیج دیں۔ USCIS.Webmaster@uscis.dhs.gov.

یاد رکھنے کی باتیں

ہمیشہ - - -

- امیگریشن کے بارے میں معلومات ہمیشہ کسی سرکاری ویب سائیٹ سے لیں جو کہ ان الفابیٹس سے شروع ہوتی ہو۔ uscis.gov یا state.gov.
- چیک کرلیں کہ جو شخص آپ کی مدد کر رہا ہے وہ ایک وکیل یا مجاز نمائندہ ہے۔
- اگر آپ مدد کے لیے کسی کو پیسے دیں تو اس کی رسید ضرور حاصل کریں۔
- آپ کے لیے جو فارم تیار کیے جائیں ان کو فوٹو کاپی حاصل کریں۔
- یو ایس سی آئی ایس سے موصول ہونے والے تمام نوٹسز کو کسی محفوظ جگہ سنبھال کر رکھیں۔
- اپنا کیس اپنی مدد آپ کے ٹولز کے تحت بھی سمجھنے کو کوشش کریں۔ uscis.gov/tools.
- امیگریشن کے فراڈ کو فوری طور پر اس ویب سائیٹ پر رپورٹ کریں: uscis.gov/avoid-scams/report-scams.

ہرگز نہ کریں - - -

- امیگریشن فارموں کے لیے کسی کو پیسے نہ دیں۔ آپ کو یہ فارم مفت اس ویب سائیٹ سے مل سکتے ہیں۔ uscis.gov/forms، یا اس نمبر پر فون کرکے بھی مل سکتے ہیں 1-800-870-3676، or یا پھر آپ ان کو اپنے یو ایس سی آئی ایس کے مقامی آفس سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔
- ایک سادہ فارم ہرگز پُرنہ کریں۔ یہ بات یقینی بنائیں کہ آپکے دستخط سے پہلے سب فارم پوری طرح سے مکمل ہیں۔
- جن فارموں میں کوئی غلط معلومات لکھی ہیں ان پر دستخط نہ کریں۔
- اصلی کاغذات یو ایس سی آئی ایس کو اپنی درخواست کے ثبوت کے طور پر نہ بھیجیں، جب تک کہ آپ سے اصل کاغذات مانگے نہ جائیں۔

جب امیگریشن کی مدد تلاش کریں تو اس بات کا خیال رکھیں کہ غلط مدد کا نقصان ہو سکتا ہے۔

حقائق جاننے کے لیے اور قانونی مدد کے لیے uscis.gov/avoid-scams.

M-712 (09/17) N

U.S. Citizenship and Immigration Services